انڈیا INS INDIA
WORLD'S NO-1-URDU NEWS AGENCY

ڈاکٹر دیویانی کھوبراگڑے کے لیے سفارتی استثنیٰ

نئی دہلی:10 جنوری (آئی این ایس انڈیا)

نیویارک میں واقع اقوام متحدہ میں ہندوستان کے مستقل مشن میں سفیر ڈاکٹر دیویانی کھوبراگڑے کو اقوام متحدہ اور امریکہ کے درمیان ہیڈکوارٹر معاہدے کی دفعہ 15 کے تحت 08 جنوری 2014 کو سفارتی نمائندوں کو خصوصی استحقاق فراہم کئے گئے تھے۔اس کے ساتھ ہی امریکہ کی حکومت نے حکومت ہند سے مشیر کھوبراگڑے سے مراعات ختم کرنے کی درخواست کی تھی۔

09 جنوری 2014 کو ہندوستان کی حکومت نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا اور سفیر کھوبراگڑے کو نئی دہلی میں وزارت خارجہ منتقل کر دیا۔

ہندوستان کے لئے ان کی روانگی کے وقت سفیر کھوبراگڑے نے اپنے خلاف لگائے گئے الزامات کو مسترد کر دیا۔انہوں نے اس مدت میں مضبوط اور مسلسل حمایت کے لئے حکومت ہند، خاص طور پر وزارت خارجہ اور ہندوستان کے عوام اور میڈیا کے تئیں بھی اظہار تشکر کیا۔

انہوں نے اس بات کو یقین بنانے کا عزم بھی دوہرایا کہ یہ واقعہ، ان کے خاندان، خاص طور پر ان بچوں جواب امریکہ میں ہیں، پر کوئی اثر نہیں ڈالے گا۔

نئی دہلی،

10 جنوری، 2014

I-91, Lubna House, Batla House, Jamia Nagar New Delhi-110025, Ph:26982149,26985681